سوال

(134)اس پر کوئی حرج نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری بیوی حج کا احرام باندھنا چاہتی تھی غسل خانے سے نکلنے اور لباس تبدیل کرنے سے پہلے اس نے کچھ بال کاٹ دیئے، اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح کرنے میں کوئی حرج نہیں، عورت پر کوئی فدیہ وغیرہ بھی عائد نہیں ہو گا۔ کیونکہ بالوں کا کاٹنا احرام کی نیت کرنے کے بعد منع ہوتا ہے۔ جبکہ اس نے ابھی نہ تو نیت کی تھی اور نہ ہی احرام باندھا تھا۔ ویسے اگر وہ عدم واقفیت یا نسیان کی بناء پر احرام باندھنے کے بعد بھی بال کاٹ لیتی تو بھی اس پر فدیہ لازم نہ تھا، وہ عدم واقفیت کی وجہ سے معذور سمجھی جائے گی۔ شیخ ابن جبرین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

حج اور عمرہ، صفحہ: 149

محدث فتویٰ